کردم از عقل سوالے کہ بگو ایمان چیست

عقل در گوش دلم گفت کہ ایمان اَدب است

میں نے عقل سے سوال کیا کہ تو یہ بتا کہ ایمان کیا ہے۔ عقل نے میرے دل کے کان میں کہا۔ ایمان ادب کا نام ہے

مَنْ وَّجَدَ اسْمَ اللہِ تَعَالٰی مَکْتُوْبًا فِیْ وَرَقَۃٍ مَوْضُوْعًا فِیْ قَذَرٍ وَتَرَکَہٗ فَقَدْ کَفَرَ

(تفسیر الصاوی حاشیۃ الجلالین)

ترجمہ:

جس نے کوئی ورق پایا جس پر اللہ تعالیٰ کا نام لکھا ہوا ہو اور اس کو گندگی یا غلاظت میں پڑا پایا اور چھوڑ دیا اس نے کفر کیا۔

آدابِ قرآن و تحفّظِ ایمان



قرآن محل شریف




مرتب: خادم القرآن محمد حمزہ سلطانی چشتی القادری عفی عنہ

چند تصاویر محلات قرآن شریف









دیں سراپا سوختن اندر طلب

انتہایش عشق و آغازش ادب

آدابِ قرآن و تحفظِ ایمان

مرتب: خادم القرآن محمد حمزہ سلطانی چشتی القادری

زیر سرپرستی:

امام الغیرت مفکر اسلام عالم باعمل، پاسبان دین مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت علامہ مولانا مفتی فضل احمد چشتی قادری صاحب مدظلہ العالی

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

نام کتاب: ———— آداب قرآن و تحفظ ایمان

مرتب: ———— محمد حمزہ سلطانی چشتی

نظر ثانی: ———— مولانا مفتی نذیر احمد چشتی

کتابت وطباعت: ———— قاری محمد جعفر علی چشتی

صفحات: ———— ۸۰

تعداد: ———— ۲۰۰۰

اشاعت دوم: ——— ربیع الثانی ۱۴۳۹ھ بمطابق جنوری ۲۰۱۸ء

ملنے کے پتے:

مکتبہ آدابِ اہل سنت، سندر شریف لاہور پاکستان 0305-4426357

آستانہ عالیہ امام آباد شریف نزد کاہنہ لاہور 0300-2010095

آستانہ عالیہ بیلی دربار شریف لالہ موسیٰ ضلع گجرات 0341-1272811

مدرسہ جامعہ غوثیہ مہریہ قلندریہ قادریہ حجرہ شاہ مقیم 0306-2048842

مکتبہ فضیل کرم پور ضلع وہاڑی 0306-6598372

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ
وعلیٰ آلک واصحٰبک یا حبیب اللہ

صلی اللہ علیٰ حبیبہ سیدنا محمد وآلہ واصحابہ وسلم

حدیث مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ فِیْ کِتَابٍ لَمْ تَزَلِ الْمَلٰئِکَۃُ یَسْتَغْفِرُوْنَ لَہٗ مَادَامَ اِسْمِیْ فِیْ ذٰلِکَ الْکِتٰبِ۔ (سعادۃ الدارین ص۳۵، نزہۃ الناظرین ص۴)

جس نے کتاب میں مجھ پر دُرُود پاک لکھا، تو جب تک میرا نام (مبارک) اس کتاب میں رہے گا، فرشتے اس کے لیے استغفار کرتے رہیں گے۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَعَلٰی اٰلِکَ وَاَصْحَابِکَ یَا حَبِیْبَ اللّٰہِ۔

فہرست مضامین

الانتساب

بنام:

صاحب قرآن حبیب الرحمٰن حضرت سید الانبیاء والمرسلین

صاحب وحی جلی وخفی حضرت محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

و جامع القرآن خلیفۃ الرسول بلا فصل حضرت سیدنا صدیق اکبر و حضرت عمر فاروق وحضرت عثمان غنی وحضرت مولا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم

محافظین الفاظ و معانی قرآن جملہ اصحاب وآل و اہلبیت وازواج مطہرات رضی اللہ عنہم وتابعین وتبع تابعین آئمہ شریعت وطریقت وآئمہ اربعہ اوراصحاب سلاسل اربعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم

بااہتمام:

عالم حقوق وحقائق قرآنی وحافظ حدود وآداب کلام ربانی اعلیٰ حضرت سیدنا ومولانا خواجہ پیر محمد شفیع چشتی قادری خلیفہ مجاز اعلیٰ حضرت سیدنا پیر محمد امام علی شاہ چشتی قادری رضی اللہ تعالیٰ عنہ و بحر رموزِ حقائق خزانہ علم وحکمت مرشد کامل حضور خواجہ محبوب فرید چشتی ومرشد اعلیٰ ومربی اعلیٰ وجناب صاحبزادہ محمد رضا صاحب وامام الغیرت فضیلۃ الشیخ حضرت علامہ مولانا مفتی فضل احمد چشتی لاہوری وحضرت علامہ مولانا سعد اللہ چشتی لاہوری دامت برکاتم العالیہ

یہ بندہ کمترین، ادب و تعظیم کے گلشن کا گل چین، آداب کے چند پھولوں، اور تعظیمات کے متعدد غنچوں کو ارادت و عقیدت کے رشتے میں مربوط کر کے گنبد خضرا اور آستانہ عالیہ غوثیہ، مہریہ، رضویہ میں پیش کرتا ہے۔

ادب کی ضو سے روشن زندگی ہے
ادب گل ہے تو گلشن زندگی ہے
ادب سے زندگی جدا کیوں کر ہو
ادب چولی ہے دامن زندگی ہے
ہے ایسا ساتھ ان دونوں کا گویا
ادب دل ہے تو دھڑکن زندگی ہے

محتاجِ کرم:
حقیر محمد حمزہ سلطانی چشتی القادری عفی عنہ

حمدِ باری تعالیٰ جلّ شانہ

ہے پاک رُتبہ فکر سے اس بے نیاز کا
کچھ دخل عقل کا ہے نہ کام امتیاز کا

شہ رگ سے کیوں وصال ہے آنکھوں سے کیوں حجاب
کیا کام ہے ہر خرد ہر زہ تاز کا

لب بند اور دل میں وہ جلوے بھرے ہوئے
اللہ رہے جگر ترے آگاہِ راز کا

غش آگیا کلیم سے مشتاق دید کو
جلوہ بھی بے نیاز ہے اس بے نیاز کا

ہر شے سے ہیں عیاں مرے صانع کی صنعتیں
عام سب آئینوں میں ہے آئینہ ساز کا

افلاک و ارض سب ترے فرماں پذیر ہیں
حاکم ہے تو جہاں کے نشیب و فراز کا

اس بے کسی میں دل کو مرے ٹیک لگ گئی
شہرہ سنا جو رحمت بے کس نواز کا

مانند شمع تیری طرف لَو لگی رہے
دے لطف میری جان کو سوز و گداز کا

تو بے حساب بخش کہ ہیں بے شمار جرم
دیتا ہوں واسطہ تجھے شاہِ حجاز کا

بندے پہ تیرت نفس لعیں ہو گیا محیط
اللہ کر علاج مری حرصِ وآز کا

کیوں کر نہ مرے کام بنیں غیب سے حسنؔ
بندہ بھی ہوں کیسے بڑے کار ساز کا

نعتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

ان کی مہک نے دل کے غنچے کھلا دیے ہیں
جس راہ چل دیے ہیں کُوچے بسا دیے ہیں

جب آگئی ہیں جوشِ رحمت پہ اُن کی آنکھیں
جلتے بجھا دیے ہیں روتے ہنسا دیے ہیں

اک دل ہمارا کیا ہے آزاد اُس کا کتنا
تم نے تو چلتے پھرتے مردے جلادیے ہیں

اُن کے نثار کوئی کیسے ہی رنج میں ہو
جب یاد آگئے ہیں سب غم بھلا دیے ہیں

ہم سے فقیر بھی اَب پھیری کو اُٹھتے ہوں گے
اب تو غنی کے در پر بستر جما دیے ہیں

اسرا میں گزرے جس دم بیڑے پہ قدسیوں کے
ہونے لگی سلامی پرچم جھکا دیے ہیں

آنے دو یا ڈبو دو اب تمہاری جانب
کشتی تمہیں پہ چھوڑی لنگر اُٹھا دیے ہیں

دُولہا سے اتنا کہہ دو پیارے سواری روکو
مشکل میں ہیں براتی پُرخار با دیے ہیں

اللہ کیا جہنم اَب بھی نہ سرد ہوگا
رو رو کے مصطفیٰ نے دریا بہا دیے ہیں

میرے کریم سے گر قطرہ کسی نے مانگا
دریا بہادیے ہیں دُربے بہا دیے ہیں

مُلکِ سخن کی شاہی تم کو رضاؔ مسلّم
جس سمت آگئے ہو سکے بٹھا دیے ہیں

منقبت غوث اعظم رحمتہ اللہ علیہ

ہمیں کافی ہے دو جگ میں سہارہ غوث اعظم کا
خدا کا دریقیناً ہے دوارہ غوث اعظم کا
مرید لاتخف ہے قول میرے غوث اعظم کا
خدا کا وہ پیارا ہے جو پیارا غوث اعظم کا
پکارو غوث اعظم کو وہ سنتے اور دیتے ہیں
شریعت کے مطابق ہے جو نعرہ غوث اعظم کا
اگر یورپ کے طوفانوں نے گھیرا ہے غلاموں کو
مگر انکو بچالے گا اشارہ غوث اعظم کا
سمندر بے کنارہ ہے ولایت غوث اعظم کا
ولیوں کو نہیں ملتا کنارہ غوث اعظم کا
وھابی شرک سمجھا ہے کہ مشرک ہے طبع انکی
وگرنہ رب ملاتا ہے نظارہ غوث اعظم کا
قیامت میں غلام غوث بھٹکے گا نہ گم ہوگا
نظر آئے گا روشن تر منارہ غوث اعظم کا
مگر انکی مدد مشروط ہے ایمان سے چشتی
سکولی کس لیے مارے ہیں نعرہ غوث اعظم کا

ابتدائیہ کلمات

الحمد لله رب العالمين والصلوة والسلام على سيد المرسلين و على آله و اصحابه الهادين المهديين

جس کے نغموں سے لرز اٹھتی ہے بزمِ سوزِ غم
چاہتا ہوں چھیڑنا سازِ شکست دل وہی

امابعد: ہماری اس تحریر کا مقصد مسلمانوں کو مقدس اوراق محفوظ کرنے اور قرآن محل شریف تعمیر کرنے کی ترغیب دینا ہے اور دوسرا مقصد اس عمل کو فروغ دینا ہے کہ وہ اپنے دل و دماغ کی توجہ پاک کلام کی طرف کرلیں۔نہایت ہی افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ مقدس اوراق گندے ندی نالوں اور گندگی کے ڈھیروں پر پڑے ہوتے ہیں۔آپکو آج تک نہ تو ہندوؤں کی وید کے کاغذات نظر آئے ہوں گے، نہ سکھوں کی گرنتھ، نہ یہودیوں کی تورات اور نہ ہی نصرانیوں کی انجیل کے کاغذات نظر آئے ہوں گے۔لیکن واحد قرآن ہے جسے کلمہ پڑھنے والے خود اپنے ہاتھوں سے کبھی گندگی کے ندی نالوں اور کبھی گندگی کے ڈھیروں پر پھینک رہے ہیں۔یہ بے ادبی والی لعنت ہمارے معاشرے میں اس قدر پھیل چکی ہے کہ جسکی کسی بد مذہب معاشرے میں مثال نہیں ملتی بلکہ ۲۰۱۶ کی بات ہے کہ بھارت کے اندر

ہندوؤں کی وید کا ایک ورق ملا ہندوؤں نے اس ایک ورق کی بے ادبی (جو انکے نزدیک ایک کتاب کا حصہ ہے اگر چہ من گھڑت کتاب ہے) کی وجہ سے کئی گاؤں جلا دیئے کہ یہاں یہ ورق کیوں پایا گیا لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ قرآن مجید مختلف شکلوں میں بے حرمتی کی جگہ میں پڑا ہوتا ہے کسی کو احساس تک نہیں ہوتا۔ اگر آج قوم ذلت کے گڑھے کے اندر گری ہوئی ہے تو اسی قرآن مجید کی بے حرمتی و نافرمانی کی وجہ سے گری ہوئی ہے۔ اسی قرآن کے ذریعے ہی مسلمانوں کو عزت و ترقی ملی ہے اسی لیے سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا **"لن یصلح آخر ھذہ الا مة الا لما صلح بہ اولھا "** یعنی آنے والی امت کی اصلاح و ترقی و عزت اسی کے اندر ہے جسکے ذریعے پہلی امت یعنی صحابہ کرام نے فلاح و ترقی پائی ہے۔ کیونکہ



حقیر جان کے جن کو بجھا دیا تو نے
وہی چراغ جلیں گے تو روشنی ہوگی



وہ معزز تھے زمانے میں مسلمان ہوکر
ہم خوار ہوئے ہیں تارکِ قرآن ہوکر

لمحہ فکریہ!

حیرت کی بات یہ ہے کہ اگر کسی کو گندگی میں پڑا سونا مل جائے تو اُسے اٹھانے سے ہرگز گریز نہ کرے گا بلکہ اپنی خوش قسمتی سمجھے گا ارے مسلمان اسم مبارک کائنات کی ہر شے سے زیادہ برکت وعظمت والا ہے۔ اسکی قدو قیمت کے برابر کوئی شے نہیں ہے تو اس اسم مبارک کو اٹھانا کتنی خوش نصیبی وسعادت مندی کی بات ہوگی۔

بولتا ہوں تو بنتی ہے جان پر
چپ رہتا ہوں تو بنتی ہے ایمان پر
چپ رہنے سے حق کا بیان اچھا
کروڑوں جانوں سے ایک ایمان اچھا

تعظیم کے متعلق چند آیات مبارکہ

(۱) ومن یعظم شعائر الله فانها من تقوی القلوب

(سورۃ الحج آیت نمبر۳۲ پارہ نمبر۱۷) اور جو اللہ تعالیٰ جل شانہ کی نشانیوں کی تعظیم کرے تو یہ دلوں کی پرہیز گاری سے ہے (کنزالایمان)

انبیاء کرام علیہم التسلیم اور اللہ جل شانہ کے نیک بندے اور اللہ جل شانہ کی کتابیں یہ سب اسکی نشانیاں ہیں اور ان سب کی تعظیم دل کا تقوی ہے۔اس آیت سے اشارہ ملتا ہے کہ دین اسلام کا تمام تر مدار شعائر اللہ کی تعظیم وادب پر ہے۔اگر شعائر اللہ کا ادب دل میں مرکوز ہے تو خدا کا خوف بھی ہوگا منھیات و معاصی سے نفرت بھی ہوگی فرائض و واجبات کا شوق بھی ہوگا اور آخرت کی تیاری کا اہتمام بھی ملحوظ خاطر رہے گا اور یہی باتیں دین کا نچوڑ ہیں۔

چنانچہ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رضی اللہ عنہ اپنی کتاب حجتہ اللہ البالغہ کی جلد اول صفحہ ۵۵ پر ارشاد فرماتے ہیں۔**"اعلم ان مبنی الشرائع علی تعظیم شعائر الله تعالیٰ و التقرب بهاالیه تعالیٰ**

یعنی واضح رہے کہ شریعتوں کی بنیاد شعائر اللہ عزوجل کی تعظیم وادب کرنے اور انکے ذریعے اللہ تعالیٰ جل شانہ کا قرب چاہیے پر ہے انتھٰی کلامہ

(۲) تبرك اسم ربك ذی الجلال و الاكرام

(سورۃ الرحمٰن آیت نمبر ۷۸ پارہ نمبر ۲۷)

بڑی برکت والا ہے تمہارے رب کا نام جو عظمت اور بزرگی والا

(کنزالایمان)

(۳) لا یمسه الا المطهرون

اسے (قرآن مجید) نہ چھوئیں مگر باوضو

(کنزالایمان)

اس آیت کریمہ سے بھی قرآن کریم کی عظمت واضح ہے کہ اسے باوضولوگ ہی چھوسکتے ہیں۔

ایک روایت مشہور ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے اسلام لانے سے قبل جس وقت سنا کہ میری بہن اور بہنوئی رضی اللہ عنھما نے اسلام قبول کرلیا ہے تو حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ وہاں سے اپنی بہن کی طرف روانہ ہوئے جب پہنچے تو بہن اس وقت قرآن پاک کی تلاوت کر رہی تھی جب انہوں نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے قدموں کی آہٹ سنی تو جلدی سے قرآن پاک کو چھپالیا۔ حضرت عمر پاک نے فرمایا کہ میں نے ابھی کیسی آواز سنی ہے تو آپ کی بہن اور بہنوئی نے کہا کوئی آواز نہیں سنی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا مجھے اطلاع ملی ہے کہ تم دونوں نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے دین

کی اتباع کر لی ہے۔تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنی بہن کو مارنا شروع کر دیا جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنا غصہ ٹھنڈا کر لیا تو ان کی بہن اور بہنوئی نے کہا ہاں ہم نے اسلام قبول کر لیا ہے۔ہم اللہ تعالیٰ اور اس کے پیارے رسول حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لے آئے ہیں اب تم جو چاہو کر لو جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنی بہن کا خون دیکھا تو ان کا دل نرم ہو گیا تو انہوں نے بہن سے کہا مجھے وہ قرآن دو جو تم ابھی ابھی پڑھ رہی تھی تا کہ میں دیکھوں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کیسا پیغام لے کر آئے ہیں تو بہن نے کہا ہمیں خطرہ ہے کہ کہیں تم اس مبارک کلام کی بے ادبی نہ کرو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا اندیشہ نہ کرو انہوں نے اپنے خداؤں کی قسم اٹھائی کہ میں پڑھ کر واپس کر دوں گا۔یہ سن کر ان کی بہن حریص ہوئیں کہ شاید عمر رضی اللہ عنہ اسلام لے آئیں انہوں نے کہا بھائی جان آپ ابھی مشرک ہیں ناپاک ہیں اس قرآن کو صرف پاکیزہ لوگ ہی چھو سکتے ہیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ اٹھے غسل کیا طہارت حاصل کی پھر قرآن مجید کو ہاتھ لگایا اور پڑھا۔

تعظیم کے متعلق احادیث مبارکہ

(۱) رسول اعظم صلی اللہ علیہ وسلم نے زمین پر پڑی ایک کتاب دیکھی دریافت فرمانے پر کہا گیا کہ یہ کتاب اللہ کا حصہ ہے یہودی نے لکھا ہے تو نبی کریم نے فرمایا خدا لعنت کرے اس پر جس نے یہ کام کیا۔ کتاب اللہ کو اسکی جگہ پر رکھو۔
(تفسیر احکام القرآن)

(۲) جس طرح رب کائنات کو تمام نقائص و عیوب سے پاک سمجھنا فرض ہے اسی طرح اسکے اسماء مقدسہ کو ہر بے ادبی سے بچانا فرض ہے کیونکہ رب تعالیٰ کے اسمائے مبارکہ کی توہین اسی طرح ہے جیسا کہ اسکی ذات کی توہین ہے۔
(تفسیر نیشاپوری)

(۳) ایک شخص کو آقا دارین صلی اللہ علیہ وسلم نے کعبہ کی طرف تھوکتے ہوئے دیکھا تو فرمایا اس کے پیچھے نماز نہ پڑھنا۔ (مشکوۃ المصابیح)
قرآن اور خدا تعالیٰ کے اسمائے مقدسہ کی تعظیم کعبہ سے بھی بڑھ کر ہے جو لوگ قرآن اور اسمائے مقدسہ کی بے ادبی کرتے ہیں انکے پیچھے نماز قطعاً ممنوع ہے۔

(۴) مطلقاً حروف تہجی کی تعظیم ضروری ہے ایک اور روایت میں آیا

ہے کہ حروف تہجی وہ قرآن ہے جو سیدنا ہود علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والتسلیم پر نازل ہوئے۔ (فتاویٰ رضویہ)

(۵) کما یحبب تنزیہ ذاتہ تعالیٰ و صفاتہِ سبحانہ عن النقائص یحبب تنزیہ الا الفاظ الموضوعۃ لھا عن سؤ الادب

یعنی جیسے اس ذات جل وعلیٰ کی اور اسکی صفات کو عیب اور نقص سے پاک سمجھنا ضروری ہے اسی طرح وہ الفاظ جو ذات وصفات پر دلالت کرتے ہیں اس کو بھی بے ادبی سے بچانا فرض ہے۔

(تفسیر روح المعانی۔ حاشیہ الشہاب علی البیضاوی)

(٦) سید عالم رحمت دوجہاں صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے مسلمانو! اس قرآن عظیم کو دشمن (کفار) کے علاقے میں نہ لے جاؤ کہ کہیں قرآن ان کے ہاتھ نہ آجائے اور وہ اس کی بے ادبی کریں۔

(بخاری شریف ، مسلم شریف)

مقدس اوراق اٹھانے کی فضیلت

(۱) جس شخص نے زمین سے وہ کاغذ اٹھایا جس پر بسم اللہ شریف لکھی ہو رب تعالیٰ کے نام کی تعظیم کے لیے تو وہ اللہ تعالیٰ کے ہاں صدیقوں سے لکھ دیا جاتا ہے اور اسکے والدین سے عذاب ہلکا کر دیا جاتا ہے اگر چہ وہ مشرک ہوں۔ (تفسیر نیشاپوری)

(۲) یہ مذکور حدیث آقائے علیہ الصلوۃ والسلام کی طرف منسوب ہے اسکے راوی حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ ہیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کوئی لکھی بات یا لکھا کاغذ ایسا نہیں جو زمین کی ضائع جگہ پر یا گندگی کی جگہ پر پڑا ہو تو اللہ جل جلالہ اس کاغذ کی طرف فرشتے بھیجتا ہے جو جا کر اس کاغذ کو اپنے نورانی پروں کے ساتھ ڈھانپ لیتے ہیں اسکو پاک رکھتے ہیں۔ پھر اللہ تعالیٰ اپنے ولیوں (دوستوں) میں سے کسی دوست کو بھیجتا ہے جو جا کر اس کاغذ کر زمین سے اٹھاتا ہے جو بندہ ایسا کاغذ اٹھائے جس کاغذ کے اوپر اللہ تعالیٰ جل جلالہ کا کوئی نام لکھا ہے اللہ تعالیٰ اس کا نام علیین (جنت کا اعلیٰ مقام) کے اندر بلند فرمائے گا اور بیشک اسکے والدین کفر کی حالت میں مرے ہوں اللہ تعالیٰ ان سے عذاب ہلکا فرمائے گا کافروں کی بخشش نہیں لیکن اللہ تعالیٰ اپنے نام پاک کی تعظیم کی برکت سے ان کا عذاب کم کر دیتا ہے۔

یہ تو نام مبارک کے متعلق ہے اللہ تعالیٰ جل جلالہ، حضور پرنور سید دو عالم ﷺ بھی اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نشانی ہیں اللہ تعالیٰ کے پاک محبوب حضور علیہ الصلوٰۃ والتسلیم جب پیدا ہوئے ابولہب نے بھی خوشی کی حالانکہ اسکی خوشی نبی ہونے کی وجہ سے نہ تھی اس کا عذاب بھی پیر کے دن ہلکا ہو جاتا ہے۔

(معجم صغیر طبرانی حصہ اول)

ادبِ نبوی ﷺ

قاضی عیاض رحمتہ اللہ علیہ الشفاء میں فرماتے ہیں کہ وہ تمام چیزیں جن کو سیدنا رسول کریم ﷺ سے نسبت حاصل ہے ان کی تعظیم و تکریم کرنا، حرمین شریفین میں آپ ﷺ کے مُشاہد مساکن کی تعظیم کرنا اور وہ چیزیں جو آپ ﷺ کے نام سے پکاری جاتی ہوں یا جن کو آپ ﷺ نے اپنے دستِ مبارک سے چھوا ہو۔ ان سب کا ادب و احترام کرنا درحقیقت نبی علیہ السلام ہی کے احترام میں داخل ہے۔

سلف صالحین کا دستور تھا کہ جن محفلوں میں حدیث نبوی ﷺ سنی یا سنائی جاتی ان محفلوں میں باادب اور باوقار بیٹھتے تھے، جس طرح صحابہ کرام

رضی اللہ عنھم نبی کریم ﷺ کے ادب کو درحقیقت رسول اکرم ﷺ کا ادب تصور کرتے تھے۔

از خدا جوئیم توفیق ادب
بے ادب محروم ماند از لطف رب
بے ادب تنہا نہ خود را داشت بد
بلکہ آتش در ہمہ آفاق زد

(۱) مولائے روم فرماتے ہیں کہ ہر وقت ہماری دعا وتمنا اللہ تعالیٰ سے یہی ہے کہ ہم کو ادب کی توفیق دے اس واسطے کہ بے ادب رب تعالیٰ کی مہربانی سے محروم رہتا ہے اور اگر فقط یہی ہو کہ وہی محروم رہے تو رہے بھلائی سے۔ سو یہ نہیں بلکہ اسکی بے ادبی تمام جہان کو جلا کر راکھ کر دیتی ہے۔

(۲) حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ اگر کسی شدید ضرورت اور تقاضے کی وجہ سے صحابہ کرام رضی اللہ عنھم کو نبی اکرم ﷺ کے حجرے کا دروازہ کھٹکھٹانا پڑتا تو وہ ازراہ ادب اپنے ناخنوں سے کھٹکھٹایا کرتے تھے مقصد یہ ہوتا کہ اطلاع بھی ہو جائے اور زیادہ آواز کہیں طبیعت میں گرانی کا باعث بھی نہ بنے۔

(۳) قریش مکہ کے سردار ابوسفیان کی بیٹی ام حبیبہ رضی اللہ عنہا

مسلمان ہوئیں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اپنی زوجیت میں قبول کرفرمالیا۔

ابوسفیان اس وقت تک مسلمان نہیں ہوئے تھے۔ جب معاہدہ حدیبیہ ختم ہونے کا وقت آیا تو قریش مکہ نے اس کی مدت میں توسیع کروانی چاہی۔ اس اہم کام کیلئے ان کی نظرِ انتخاب ابوسفیان پر پڑی چنانچہ ابوسفیان قریش کے سفیر بن کر مدینہ طیبہ حاضر ہوئے اور اپنی بیٹی ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے گھر وارد ہوئے ایک چارپائی پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا مبارک بستر بچھا ہوا تھا۔ ابوسفیان اس پر بیٹھنے کا ارادہ کیا تو اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا نے جلدی سے بستر سمیٹ دیا اور چارپائی کی طرف اشارہ کیا کہ ابا یہاں بیٹھیں۔ ابوسفیان اس صورتحال کو صحیح طرح سمجھ نہ سکے، لہذا بیٹی سے پوچھا، کیا یہ بستر میرے قابل نہ تھا؟ یا میں اس بستر کے قابل نہ تھا؟ اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا۔ ابا جان یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بچھونا ہے ابوسفیان نے کہا پھر کیا ہوا؟ وہ تیرے شوہر ہیں تو میں تیرا باپ ہوں۔ ام المومنین رضی اللہ عنہا نے کہا یہ تو ٹھیک ہے مگر آپ مشرک ہیں اور نبی علیہ السلام کا بستر پاک ہے مجھے گوارا نہیں کہ آپ کا نجس بدن میرے آقا علیہ السلام کے بستر پر لگے۔

۴) حضرت امام مالک رحمتہ اللہ علیہ نے اپنی زندگی مدینہ منورہ میں بسر کی۔ جب قضائے حاجت کی ضرورت پیش آتی تو آپ شہر سے باہر حدودِ حرم تک جاتے اور اس طرح بیٹھ کر فراغت حاصل کرتے کہ جسم تو حدود حرم میں

رہتا۔تاہم فضلہ حدود سے باہر گرتا کسی کے پوچھنے پر فرمایا کہ مجھے ڈر لگتا ہے کہ کہیں مدینہ منورہ سے باہر میری موت واقع نہ ہوجائے ایک طرف تو دربار حبیب سے اتنا لگاؤ اور دوسری طرف ادب کی یہ انتہا کہ اپنے جسم کی نجاست مدینہ منورہ کی مٹی میں شامل کرنا گوارا نہیں۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ کا اسم ذات کا ادب

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ اگر شراب کا ایک قطرہ کنویں میں گر جائے پھر اس جگہ مینارہ بنایا جائے تو میں اس پر اذان نہ کہوں گا۔ سبحان اللہ اسم ذات کا کس طرح ادب کیا ہے



تذکرہ حضرت بشر حافی رحمتہ اللہ علیہ

’’جب حضرت بشر حافی رحمتہ اللہ کو اس نور کی روشنی میں ادب نے بشارت دی تو وہ تلاشِ حقیقت کے بیابان میں چل پڑے‘‘

حضرت بشر حافی اکابر اولیاء اللہ میں سے ہیں۔علم ظاہر کے اصول و

فروع کے بھی پورے عالم تھے "مبشر شد ادب" کا مطلب یہ کہ ان کے ادب نے انہیں بارگاہ حق سے قبولیت کی بشارت دلائی اور ادب ہی نے ان کو ولایت کے مراتب عالیہ پر پہنچایا جس کا قصہ یہ ہے کہ ایام شباب میں ان کا طرز زندگی اوباسانہ تھا مگر ایک دن کسی جگہ کاغذ پر **بسم اللہ الرحمن الرحیم** لکھی پڑی پائی۔ اس کو ادب کے ساتھ اٹھایا۔ عطر خریدا۔ اس سے معطر کیا اور ایک اونچی جگہ پر رکھ دیا۔ اس رات ایک بزرگ نے خواب میں دیکھا کہ وکیلانِ قضاء وقدر اس بزرگ سے کہتے ہیں کہ آپ جایئے اور بشر حافی کو خداوند تعالیٰ کا یہ پیغام کہہ دیجئے کہ تم نے ہمارے نام کو پاک کیا اور اس میں عطر بسایا، ہم بھی تم کو دنیا میں پاک کر دیں گے اور دین میں بزرگی عطا فرمائیں گے۔ حضرت بشر کو یہ بشارت پہنچی تو اسی وقت سے اپنے یاران آوارگی کو خیر باد کہا اور طلب حق میں لگ گئے۔ حضرت بشر ادب کا ایک نمونہ کبریٰ تھے۔ ادب ہی نے ان کو حافی کا لقب دلایا اور ان کو مدت العمر ننگے پاؤں پھرایا جس کا سبب یہ ہوا کہ ایک دن کسی قاری کو پڑھتے سنا۔

"الم نجعل الارض مھادا" کیا ہم نے زمین کو بچھونا نہیں بنایا"۔ بشر نے یہ آیت سنتے ہیں جوتی اتار ڈالی اور کہا، بادشاہ کے بچھائے ہوئے بچھونے پر جوتی سمیت چلنا ادب کے خلاف ہے۔ پھر عمر بھر جوتی نہ پہنی۔

ارباب سیر لکھتے ہیں کہ قدرت حق نے بھی ان کی برہنہ پائی کی عزت

کی کہ جن جن راستوں اور سڑکوں پر ان کا گزر رہوتا تھا، کوئی چوپایہ لید یا گوبر اور
کوئی پرندہ بیٹ نہیں کرتا تھا۔ بغداد میں قیام تھا اور وہاں ان کی کرامت سے
سڑکیں صاف ستھری رہتی تھیں۔ایک دن کسی پرندے نے سڑک پر بیٹ کردی
تو ایک بزرگ نے کہا **انا للّٰہ و انا الیہ راجعون** معلوم ہوتا ہے کہ آج بشر
حافی دنیا سے رخصت ہوگئے۔اس لیے جانوروں کے غلاظت گرانے کی جو
بندش تھی وہ کھل گئی چنانچہ معلوم ہوا کہ فی الوقع اسی روز ان کا انتقال
ہوا تھا۔بعض کتابوں میں لکھا ہے کہ حضرت بشر حافی سے پوچھا گیا کہ آپ
جوتی کیوں نہیں پہنتے تو انہوں نے اس کی وجہ یہ بیان کی کہ جس روز دوست
حقیقی سے میں نے صلح کی تو میں ننگے پاؤں تھا۔اب جوتی پہنتے مجھے شرم آتی
ہے۔حضرت امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہ اکثر ان کے ساتھ رہتے تھے۔ایک
دن شاگردوں نے عرض کیا۔آپ اس پایہ کے محدث و مجتہد ہو کر ایک دیوانہ
کے ساتھ پھرتے ہیں۔فرمایا میں حدیث و اجتہاد کے علم میں ان سے افضل
ہوں تو وہ خدا کے علم میں مجھ سے افضل ہیں اور خدا کا علم اس علم سے کہیں برتر و
بے پایاں ہے۔

حضرت مجدد الف ثانی رحمتہ اللہ علیہ کے ادب کا واقعہ

امام ادب حضرت مجدد الف ثانی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ نے مکتوبات شریف میں اپنا ایک واقعہ لکھا ہے۔

نقشبندی حضرات نسبت مجددیہ کے دعویدار اس واقعہ عظیمہ کو اپنے لیے رہنما بنائیں تو بے ادبی سے بچ جائیں گے۔

واقعہ یہ ہے کہ حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی فاروقی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مجھ کو رفع حاجت کی ضرورت لاحق ہوئی تو میں کسی مقام پر گیا کیا دیکھتا ہوں کہ وہاں ایک لکڑی کا پیالہ جس میں کلمہ طیبہ لکھا ہُوا ہے تو میں نے اس کو اٹھا کر پاک کر کے اپنے پاس رکھ لیا اور اس میں روزانہ پانی پیتا تھا۔

تو اس ادب کی وجہ سے مجھ پر وہ حقائق و معارف کھلے جو اس سے پہلے کسی مجاہدہ سے نہ کھلے تھے۔ حضرت نبی الادب محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے فیض پا اُولیاء کرام اسی طرح کے ہوتے ہیں۔

ادبِ قرآن سے سکھوں کو ایمان کی دولت مل گئی

مظفر گڑھ کے علاقہ کا واقعہ ہے کہ جس دور میں سِکھ یہاں رہتے تھے۔کہ سیلاب آنے کی وجہ سے مسلمانوں کے گھر بار برباد ہو گئے تو بعض مسلمانوں نے قرآن مجید کو اُٹھا کر سکھ کے گھر میں امانت رکھ آئے سکھ میاں بیوی نے ایک دوسرے سے مشورہ کیا کہ یہ مسلمانوں کی عزت و برکت والی کتاب ہے اسکو کہاں رکھیں۔لہٰذا رکھنے کی بجائے کچھ دیر تم اُٹھاؤ کچھ دیر میں اُٹھاؤں گا تو ساری رات وہ قرآن مجید والی لکڑی کی پیٹی کو اُٹھا کر کھڑے رہے صبح کو مسلمان لینے گئے تو سکھوں نے دینے سے انکار کر دیا مسلمانوں نے زور ڈال کر قرآن پاک کو لے لیا۔لیکن انہوں نے کہا اس کتاب کو تم نہیں مانتے پھر کیوں اپنے پاس رکھتے ہو تو سکھوں نے جواب دیا اس ادب کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے ہم کو ایمان کی توفیق دے دی ہے۔لہٰذا یہ کتاب اب ہمیں واپس کر دیں۔سبحان اللہ

کافر اُٹھا کر مسلمان ہو رہے ہیں اور نام نہاد گرا کر ہلاک ہو رہے ہیں۔

ایک خواب کی تعبیر

یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ کائنات میں جس نے بھی کوئی مرتبہ اور عزت پائی اور اللہ تعالیٰ کے دریائے رحمت سے کوئی قطرہ ملا۔ وہ ادب، غیرت اور کفر کی مخالفت کی بدولت ہی ملا اور اسلام کے عروج کے زمانے میں ان چیزوں کے ثبوت کے لئے کسی کو دلیل پیش کرنے کی ضرورت نہ تھی بلکہ ہر مرد مومن اپنے سینے میں ادب، غیرت اور کفر کی مخالفت کا دریا چھپائے ہوئے ہوتا تھا جس کی وجہ سے اپنا ایمان بھی محفوظ ہوتا تھا۔ اور اپنی نسل میں یہ وراثت منتقل کر جاتا اور دشمن دولت ایمان مسلمان سے چھین نہیں سکتا تھا تو جب رفتہ رفتہ مسلمان یہ وراثت کھو بیٹھے تو اپنا ایمان محفوظ نہ کر سکے جس کی وجہ سے آج بے ادبی اور بے دینی کا سیلاب نظر آتا ہے۔

''یہ حکایت ادب کا سبق سیکھانے کیلئے عقل والوں کیلئے کافی ہے۔''

بے ادبی کی نحوست کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ ایک سوداگر حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمتہ اللہ علیہ کی بارگاہ میں حاضر ہوا پریشان اور برے حال میں اس کے چہرے سے غم کے آثار تھے۔ عرض کیا حضور میں نے آج رات ایک خواب دیکھا ہے کہ (معاذ اللہ) اپنی والدہ سے ہم بستری کر رہا ہوں اور اس وقت زندہ در گور ہوں میں نے بہت غور و فکر کیا

اس خواب کا ماجرہ میری سمجھ میں نہیں آرہا فرمایا کہ اپنی بیوی سے پوچھو شاید کہ اس سے کوئی حرکت بے ادبی کی واقع ہوئی ہے کہ قرآن مجید کو ایک ہندو کے ہاں گروی رکھا ہے اس کو واپس لیکر توبہ و استغفار کرنا چاہیے اور اس طرح کی حرکات سے باز رہنا چاہیے۔

(بحوالہ فتاویٰ عزیزی جلد اول صفحہ نمبر ۷)

ایک بدکار حضرت محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم کے نام پر بوسہ دینے سے بخشا جانا

مثنوی مولائے روم میں ہے حضرت موسیٰ کلیم اللہ کے دور میں بنی اسرائیل کا ایک شخص مرگیا۔ وہ شخص بڑا ہی گناہگار تھا۔ لوگوں نے جنازہ نہیں پڑھا۔ ٹانگوں سے پکڑ کر گندگی پر پھینک دیا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے وحی فرمائی اے میرے کلیم تو فلاں بستی میں جاوہاں میرا ایک بندہ گندگی کے ڈھیر پر پڑا ہے۔ اُسے غسل دو۔ اُس کو اپنے ہاتھوں کے ساتھ دفن کرو۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام اس بستی میں تشریف لے گئے اور اس شخص کے

کفن دفن کا بندوبست فرمانے لگے وہاں کے لوگوں نے عرض کی اے کلیم اللہ یہ بندہ تو بڑا گنگار ہے، بدکار ہے حضرت موسیٰ علیہ السلام عرض کرتے ہیں۔اے مولا کریم یہ بندہ اتنا بڑا مجرم تھا۔اس میں کیا حکمت ہے۔تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا!ایک دن اس نے توریت کھولی۔توریت میں میرے محبوب نبی آخرالزماں کا نام لکھا تھا محمد رسول اللہ ﷺ۔اُس نے چوم کرآنکھوں پر لگایا۔ مجرم بڑا ہے مگر اپنے محبوب کے نام کو چومنے کی وجہ سے میں نے اس شخص کو بخش دیا ہے۔

کسی شاعر کا قول ہے:

تعظیم جس نے کی ہے محمد ﷺ کے نام کی
اللہ جل شانہ نے اُس پہ آتش دوزخ حرام کی

یہ تو نام مبارک کی تعظیم کی برکت ہے جو شخص حضور سید دوعالم ﷺ کی ذات کی تعظیم دل سے کرے گا۔اللہ تعالیٰ ضرور اس کے گناہ معاف فرمائے گا اور اس کی بخشش فرمائے گا۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نام مبارک پر بوسہ دینے کا فائدہ

انجیل میں حضور علیہ الصلوۃ والسلام کے لکھے ہوئے نام مبارک کو صرف چومنے سے نصرانی کئی فتنہ وتکالیف سے بچ گئے، چنانچہ مولانا روم رحمتہ اللہ علیہ مثنوی معنوی میں فرماتے ہیں۔

بود در انجیل نامِ مصطفا　　آں سرِ پیغمبراں بحرِ صفا
بود ذکرِ حلیہ ہاؤ شکل او　　بود ذکرِ غزو وصوم واکل او
طائفہ، نصرانیاں بہرِ ثواب　　چوں رسیدندے بداں نام وخطاب
بوسہ دادندے برآں نامِ شریف　　رونہادندے برآں وصفِ شریف

ترجمہ: مطلب ان اشعار کا یہ ہے کہ انجیل میں رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک لکھا ہوا تھا جو پیغمبروں کے سردار اور پاکیزگی کے دریا ہیں۔ آپ کا حلیہ شریف بھی اس میں مذکور تھا۔ اور آپ کی شکل وصورت کا اور آپ کے جہاد اور روزہ اور اکل وشرب وغیرہ سب امور کا اس میں بیان تھا۔ عیسائیوں میں سے ایک گروہ کی یہ عادت تھی کہ جب اس مبارک نام وخطاب پر تلاوت کرتے وقت پہنچتے تو ثواب حاصل کرنے کو آپ کے نامِ شریف پر بوسہ دیتے اور آپ

کے اوصافِ لطیف پر رُخسار ملتے محبت و تعظیم سے۔

اندریں قصہ کہ، گفتیم آں گروہ　ایمن از فتنہ بدند و از شکوہ

ایمن از شرِ امیران و وزیر　در پناہ نام احمد مستجیر

نسلِ ایشاں نیز ہم بسیار شد　نامِ احمد ناصر آمد یار شد

ترجمہ: یعنی ہم نے جو فتنہ وزیر کا بیان کیا ہے اس قصہ میں وہ لوگ اس عمل کی برکت سے فتنہ وزیر اور خوفِ محاربہ امراء سے مامون رہے۔ نہ اُمراء کا شرِ جنگ کہ ہلاک جسمانی تھا اُن کو پہنچا اور نہ وزیر کا فتنہ اِضلال کہ ہلاکِ روحانی تھا اُن تک آیا۔ حضور علیہ الصلوۃ والسلام کے اسم مبارک کی حمایت میں اُن کو پناہ مل گئی اوروں سے اُن کی نسل بھی بہت بڑھ گئی۔ حضور علیہ الصلوۃ والسلام کا اسمِ مبارک اُن کا ناصر اور رفیق ہو گیا۔

نام احمد ﷺ چوں چنیں یاری کند　تا کہ نُورش چوں مددگاری کند

نامِ احمد چوں حصارے شد حصیں　تاچہ باشد ذاتِ آں روح الامیں

ترجمہ: مولانا روم رحمتہ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں کہ جب رسول ﷺ کا نام مبارک ایسی رفاقت کرتا ہے تو آپ کا نُورِ مبارک (ذات مبارک) بھلا کیسی مدد کرتا ہوگا۔

یعنی حضور کی اتباع سے کس قدر نفع ہوگا۔ جب حضور ﷺ کا نام مبارک ایسا مستحکم قلعہ ہے کہ شرور کو قریب آنے نہیں دیتا تو آپ کی ذاتِ

مبارک جس کو اوپر نُور رکھا تھا کیسی کچھ ہوگی۔

غرض اگر تم بھی اپنے نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی تعظیم و توقیر بجالاؤ گے اور ان کا ادب و احترام ہر امر میں نگاہ رکھو گے تو ایسے ہی موردِ افضال و اکرامِ الٰہی ہوگے اور اللہ تعالیٰ اپنے حبیب پاک کی تعظیم و توقیر کے باعث تمہارے گناہ بخش دے گا اور ہمیشہ تمہارے دشمنوں پر تمہیں مظفر و منصور فرمائے گا۔ ورنہ **وعیدِ شدید ان تحبط اعمالکم** کے مستحق اور غضب وعذاب الٰہی کے سزاوار ہوں گے کہ تعظیم و توقیر حبیبِ ربِ قدیر اور احتشامِ محبوبِ ربِ نام علیہ الصلوٰۃ والسلام تم پر ہر وقت اور ہر امر میں لازم و واجب ہے۔

سُلطان محمود غزنوی کا طریقِ ادبِ رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم

کہتے ہیں کہ غازی سُلطان محمود غزنوی رحمتہ اللہ علیہ کے غلام ایاز کا ایک بیٹا تھا جو بادشاہ کا ملازم تھا۔ اور اُس کا نام مُحمد تھا۔ ایک دن بادشاہ سلامت نے ایاز کی موجودگی میں اُس سے یوُں خطاب کیا کہ اے ایاز کے بیٹے! وضو کا پانی لاؤ ایاز نے ان اَلفاظ کو سُن کر دل ہی دل میں خیال کیا، کہ نہ

معلوم میرے بیٹے نے کیا خطا کی کہ جس کے باعث بادشاہ سلامت نے اس کو نام سے نہیں بُلایا۔ پس جب سُلطان محمود وضو سے فارغ ہوئے تو ایاز کی طرف دیکھا کہ وہ مغموم وملول ہے۔ اس سے غم ورنج کا سبب پوچھا۔ اُس نے دست بستہ کھڑے ہوکر عرض کی کہ عالیجاہ! میرے مغموم ہونے کا باعث یہ ہے چونکہ حضور نے میرے لختِ جگر کو نام لے کر نہیں بُلایا۔ اس لئے میرے دل میں یہ خیال پیدا ہوا کہ شاید اس سے کوئی بے ادبی اور گستاخی سرزد ہوئی ہے کہ جس کے باعث آپ اُس سے خفا اور ناراض ہیں۔ بادشاہ سلامت نے مسکرا کر کہا اے ایاز! خاطر جمع رکھ۔ تمہارے صاحبزادے سے کوئی بات میری طبع کے خلاف سرزد نہیں ہوئی اور نہ ہی میں اس سے کسی طرح ناراض یا خفا ہوں۔ اس وقت نام نہ لینے میں یہ حکمت تھی کہ میں اس وقت بے وضو تھا۔ چونکہ یہ آقائے نامدار سرورِ کونین رحمتہ للعالمین کا ہمنام تھا، اس لئے مجھے شرم آئی کہ حضور علیہ الصلوۃ والسلام کا نام مبارک ایسی حالت میں میری زبان سے گزرے۔ جبکہ میں بے وضو یا بے طہارت ہوں۔

ہزار بار بشویم دہن زمشک وگلاب
ہنوز نامِ تو گفتن کمال بےادبی است

ترجمہ: اگر میں اپنے منہ کو کستوری اور گلاب کے عطر سے ہزار بار بھی دھولوں پھر بھی آپ کا نامِ نامی اسم گرامی زبان پر لانا حد درجہ کی بے ادبی ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے نام مبارک کا ادب کافر بھی کرتے تھے

کیوں نہ ہو یہ نام مبارک وہ تھا کہ جس کے ذکر میں کفار بھی بسا اوقات مُتَادِب ہو جاتے تھے چنانچہ قسطلانی رحمتہ اللہ علیہ نے مواہب اللدنیہ میں اور زرقانی رحمتہ اللہ علیہ نے شرح مواہب اللدنیہ میں لکھا ہے کہ ایک جماعت قبیلہ کندہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور وہ الفاظ تحیت کے ادا کئے ، جو اس زمانہ میں سلاطین کے حضور میں کہے جاتے تھے۔حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا کہ میں بادشاہ نہیں ہوں بلکہ محمد بن عبداللہ ہوں۔اُنہوں نے کہا۔ہم آپ کو نام لے کر نہیں پکاریں گے۔آپ نے فرمایا ، کہ میں ابو القاسم ہوں۔اس پر انہوں نے کہا کہ اے ابوالقاسم فرمایئے کہ ہم نے اپنے دل میں کیا چھپایا ہے۔حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا یہ تو کاہنوں کا کام ہے اور کاہن اوران کا پیشہ دوزخی ہے۔انہوں نے کہا کہ پھر کیونکر معلوم ہو کہ آپ اللہ تعالیٰ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔تب آپ نے ایک مٹھی کنکریاں اُٹھائیں اور فرمایا کہ دیکھو، یہ گواہی دیتی ہیں کہ میں اللہ تعالیٰ کا رسول ہوں۔چنانچہ اُسی وقت کنکریاں دستِ مُبارک میں تسبیح کرنے لگیں۔یہ

سُن کر حاضرین نے صدقِ دل سے کلمہ شہادت پڑھا جس کا مطلب یہ ہے کہ ہم بھی گواہی دیتے ہیں کہ بیشک آپ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں۔اور وہ سب لوگ مشرف باسلام ہوئے۔

ظاہر ہے کہ یہ لوگ قبل امتحان مشرف باسلام نہیں تھے باوجوداس کے نام مبارک لینے میں ترکِ ادب سمجھا۔کیا تعجب ہے کہ اللہ تعالیٰ کو یہی ادب پسند آ گیا ہو۔جس سے ان کو ابدالآباد کے لئے عزت وشرافت حاصل ہوگئی، کہ مسلمان ہو کر جنت الفردوس میں داخل ہوئے۔

قرآن مجید کی بے ادبی کرنے والے کا انجام

مولانائے روم رحمتہ اللہ علیہ مثنوی معنوی کے دفتر دوم میں ایک منطقی اور فلسفی کی حکایت ارقام فرماتے ہیں کہ ایک جگہ قرآن مجید کا درس ہو رہا تھا اور یہ آیت پڑھی جا رہی تھی۔

ان اصبح ماء کم غورا فمن یاتیکم بماء معین

(سورہ ملک) یعنی اگر تمہارا پانی زمین کی پستی کی طرف چلا جائے، تو کون ہے جو تمہارے لئے ایسا صاف و شفاف اور پاک و طاہر پانی لا سکتا

ہے۔مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اگر ہم چشمے خشک کر دیں اور پانی زمین کی تہ میں چھپا دیں تو کون ہے جو پانی لا سکے۔ایک فلسفی، منطقی اس وقت درسگاہ کی طرف سے گزر رہا تھا۔اس نے سُنا تو باآوازِ بلند پکار کر کہا:۔

مابزخم بیل وتیزیٔ تبر
آب را آریم از پستی زبر

یعنی اگر پانی کا چشمہ خشک ہو جائے تو ہم پھاوڑے کے زور اور بیل اور تبر کی ضرب اور تیزی سے زمین کھود کر نکال لیں گے، یہ بات ہی کیا ہے ہماری منطق ہماری عقل اور ہماری سائنس ہماری رہبر ہے۔پھر ہمیں کیا رکاوٹ ہے لیکن جب شام کی تاریکی نے دن کی روشنی پر غلبہ پایا یعنی رات آئی۔

شب بخفت و دید یک شیر مرد
زد طمانچہ ہر دو چشمش کور کرد

یعنی وہ فلسفی حسب معمول سویا تو اس نے خواب میں ایک شیر مرد کو دیکھا۔ اس نے ایک طمانچہ مار کر اس کی دونوں آنکھیں اندھی کر دیں۔

گفت زیں دو چشمہء چشم اے شقی
باتبر نورے بر آرار صادقی

اس کو کہا اے بد بخت اگر تو اپنے قول میں سچا ہے، اگر تجھ کو اپنے فلسفہ

اور منطق پر ایسا ہی ناز ہے کہ تو خدا کی ذات کو بھلا بیٹھا اور اس کے کلام پاک کا مُنہ چڑاتا ہے تو اپنی آنکھوں کے دونوں چشموں سے نُور کو پیدا کر۔ ذرا تبر تولا۔ کہاں ہے۔ وہ بیل اور پھاوڑے نکال اور اسے چشموں کو کھود، کرید، رگڑ جو چاہیے کر اور پانی کا ایک قطرہ تو نکال۔ پھر جب دن نکلا اور وہ فلسفی خواب سے بیدار ہوا تو اسے معلوم ہوا کہ میری آنکھیں بے نور ہیں۔ میری چشمِ بصارت گم ہوگئی۔ آنکھیں پھاڑ پھاڑ کے دیکھتا ہے مگر کچھ نظر نہیں آتا۔ مایوس ہو کر زبانِ حال سے کہتا ہے۔

وہ بھی کیا دن تھے کہ تھی چشمِ بصیرت کھُلی
آج وہ دن ہے بصیرت کیا بصارت بھی نہیں

غرض یہ بے ادب منطقی اپنے علمی غرور کے باعث مولائے کریم سے معافی کا خواستگار نہ ہوا اور توبہ کی نعمت سے محروم رہا۔ مولانا فرماتے ہیں۔

گر بنالیدے و مستغفر شدے نور رفتہ از کرم ظاہر شدے

یعنی اگر وہ روتا اور توبہ کرتا تو اللہ جو رحیم و کریم ہے اپنے فضل و کرم سے اُس کا نور رفتہ پھر سے اسے عطا کر دیتا۔ لیکن وہ بدنصیب تو یہ کس طرح کرتا اور اس کی لذت سے کس طرح آشنا ہوتا۔ یہ بھی تو اس کے اختیار کی بات نہ تھی

خسر الدنیا والاخرۃ

کسریٰ (شاہِ فارس) کا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نامہ مبارک کی بے حرمتی کرنے کے سبب مقتول ہونا

جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ طیبہ سے بادشاہوں کے نام فرامین لکھے، تو ایک فرمان کسریٰ (شاہِ فارس) کو بھی لکھا، جس میں حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے اُس کو دعوتِ اسلام دی تھی۔ اُس بدبخت نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نامہ مبارک کو پڑھ کر غصے سے پُرزے پُرزے کر دیا۔ یہ نامہ مبارک کیا چاک، گویا اُس نے اپنی جان وتن کو چاک کیا، چنانچہ اِرشاد ہوتا ہے۔

وما ظلمونا ولکن کانوآ انفسھم یظلمون (سورہ بقر رکوع ۶)

"یعنی اور ہم پر کوئی ظلم نہیں کرسکتا بلکہ ہمارے نافرمان لوگ خود اپنی جانوں پر ظلم کرتے ہیں" غرض اُس کمبخت نے حضور علیہ الصلوۃ والسلام کے نامہ مبارک کو نہیں پھاڑا بلکہ اپنی سلطنت کو حرفِ غلط کی طرح صفحہ ہستی سے مٹا دیا چنانچہ حدیث شریف میں ہے۔

عن ابن عباس رضی اللہ عنھما ان رسول اللہ ﷺ

بعث بکتابه رجلا وامرہ ان یدفعه الی عظیم البحرین فدفعه عظیم البحرین الی کسریٰ فلما قراہ مزقه قال فدعا علیھم رسول الله صلی الله علیه وسلم ان یمزقوا کل ممزق(رواہ البخاری)

یعنی صحیح بخاری کے باب علم میں ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ایک مرد کے ہاتھ اپنا خط عظیم بحرین کے دینے کو بھیجا۔ عظیم بحرین نے وہ خط کسریٰ کو دے دیا۔ جب کسریٰ نے اس کو پڑھا تو پارہ پارہ کر دیا۔ پس رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے اُن سب کے خلاف دعائے جلال فرمائی کہ وہ بالکل ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے جائیں۔ آپ کی یہ دعا قبول ہوئی۔ اور کسریٰ کا بیٹا شیرویہ اپنے باپ کے درپے قتل ہوگیا۔

قرآن مجید کے آداب

(۱) ائمہ اربعہ کا اس بات پر اتفاق ہے کہ قرآن مجید کو ہاتھ لگانے کیلئے حدثِ اکبر اور حدثِ اصغر سے پاک ہونا ضروری ہے۔

(۲) بے وضو قرآن مجید یا اس کی کی کسی آیت کو چھونا حرام ہے۔

(۳) کافر کو قرآن مجید چھونے نہ دیا جائے بلکہ مطلقاً حروف اس سے بچائیں۔

(۴) قرآن مجید کے آداب میں یہ بھی ہے کہ اس کی طرف پیٹھ نہ کی جائے نہ پاؤں پھیلائے جائیں نہ پاؤں کو اس سے اونچا کیا جائے نہ یہ کہ خود اونچی جگہ پر ہو اور قرآن مجید نیچے ہو۔

(۵) قرآن پاک سب کتابوں کے اوپر رکھیں پھر تفسیر پھر حدیث پھر باقی دینیات علیٰ حسب مراتب۔

(۶) قرآن مجید کو خالی قرآن نہ کہیں بلکہ اس کے ساتھ مجید یا حمید یا شریف وغیرہ کوئی مودبانہ لفظ ضرور ملائیں۔

(۷) قرآن مجید کھلا ہو اس کی طرف پشت کر کے جانا بے ادبی میں داخل ہے۔

